SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release

June 2, 2021

ایس ای سی پی نے میوچل فنڈز ڈیجیٹل پلیٹ فارم کی گائیڈ لائنز جاری کر دیں

اسلام آباد (جون 2) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے نان بینکنگ فنانشل سیکٹر میں ڈیجیٹلائزیشن کے فروغ اور میوچل فنڈز میں سرمایہ کاروں کی شمولیت کو آسان اور سہل بنانے کے پیش نظر میوچل فنڈز ڈیجیٹل پلیٹ فارم کی تشکیل کے لئے ریگولیٹری گائیڈ لائنز جاری کر دی ہیں۔ یہ گائیڈ لائنز ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

میوچل فنڈز کی ڈسٹری بیوشن کے لئے ڈیجیٹل پلیٹ فارم سرمایہ کاروں، فنانشل ایڈوائزرز اور ویلتھ مینجرز کو مختلف مالیاتی پراڈکٹ کی رٹیل میں شفاف اور سہل خریداری اور سرمایہ کاری کے لئے وسیع رینج فراہم کرتا ہے۔ اس ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر سرمایہ کار اپنی رسک پروفائل اور سرمایہ کاری کے مقاصد کے مطابق اپنی سرمایہ کاری ترتیب دے سکتے ہیں۔

ایس ای سی پی کی جانب سے ملک کے پہلے میوچل فنڈز کے ڈیجیٹل ڈسٹری بیوشن پلیٹ فارم کو لائسنس جاری کیا جا چکا ہے جو کہ جلد ہی اپنی آن لائن سروسز کی فراہمی شروع کر دے گا۔ اس کے علاوہ ایس ای سی پی کے ریگولیٹری سینڈ بکس کے پہلے مرحلے میں منتخب کی گئی دو کمپنیاں کے ڈیجیٹل پلیٹ فارم کی ٹیسٹنگ کی حتمی مرحلے میں ہیں۔ مختلف مالیاتی پراڈکٹ کے لئے ایسے ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کی دستیابی سے ملک میں مالیاتی شمولیت کو فروغ دیا جا سکتا ہے جبکہ عوام کو سرمایہ کاری کے محفوظ اور سہل مواقع دستیاب ہوں گے۔

ایس ای سی پی کی جانب سے میوچل فنڈز کے ڈیجیٹل پلیٹ فارم کی گائیڈ لائنز میں، پلیٹ فارم کے ڈیزائن، بنیادی اصول، معلومات کی دستیابی، سرمایہ کاری سے منسلک رسک کی تفصیلات اور رسک مینجمنٹ کے لئے رہنمائی، پلیٹ فارم کی بہترین مینجمنٹ کے اصول، صارفین کی پروفائلنگ، کمپنی اور صارف کے کنڈکٹ، سسٹم کی سکیورٹی، مالیاتی یونٹ کے اجراء، یونٹ کی ڈیجیٹل ڈسٹری بیوشن اور فنڈز کی آن لائن ریڈیمشن اور شکایات کے ازالہ کے قوائد وضوابط دئے گئے ہیں۔ ڈیجیٹل ڈسٹری بیوشن پلیٹ فارمز، میوچل فنڈز کے لئے

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

ون سٹاپ شاپ کی سہولت فراہم کریں گے جہاں سرمایہ کار شفاف طریق سے فوری آن لائن انوسٹمنٹ کر سکیں گے اور اپنے آن لائن اکاؤنٹ کے ذریعے اپنی سرمایہ کاری کو خود مینج بھی کر سکیں گے۔